# 16-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔تلنگانہ اور آندھرا پردیش نے دریاؤں کے پانی کے تنازعہ کو حل کرنے کیلئے ایک کمیٹی قائم کرنے سے اتفاق کرلیا ہے۔دونوں تلگو ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ نے آبپاشی کے وزیروں کے ساتھ آج جل شکتی کے مرکزی وزیر کے ساتھ منعقدہ میٹنگ میں شرکت کی۔

۲۔مرکزی کابینہ نے زرعی پیداوار میں اضافہ کیلئے پی ایم دھن دھنیا کرشی یوجنا اسکیم کو منظوری دی ہے۔

۳۔ریاستی وزیر سیتا اکا نے خواتین پر زور دیا ہے کہ اپنی خود کی کمائی کیلئے تجارت شروع کریں

اور

۳۔محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے آج چند اضلاع میں بوندہ باندی کے تحت ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

MAHILA SHAKTHI:

حلقہ واری کی اساس پر پدا پلی میں اندرا مہیلا شکتی تقاریب منعقد ہوئیں۔وزراء سریدھر بابوٗ انوسویا سیتا اکا اور ناگیشور راؤ نے اس موقع پر اہل خاتون سیلف ہیلپ گروپوں میں بلاسودی قرض‘ قرض بیما اور حادثاتی انشورینس کے چیکس تقسیم کئے۔سیتا اکا نے خواتین پر زور دیا کہ اپنے بل پر آمدنی کے لئے خود کی تجارت شروع کریں۔وزیر نے خواتین سے یہ بھی کہا کہ گروپوں میں نئے ارکان کو شامل کیا جائے اور 60 سال سے زائد عمر والوں کے علاوہ معذورین کے لئے علیحدہ گروپ شروع کئے جائیں۔

(SOUND BYTE : SITAAKKA)

وزیر ناگیشور راؤ نے کہا کہ خواتین سے کئے گئے تمام وعدوں کو ایک ایک کر کے پورا کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ کسی بھی خاندان میں نئے راشن کارڈس اور اندراماں مکانات خواتین کے نام پر دئے جارہے ہیں۔وزیر سریدھر بابو نے بتایا کہ ریاست میں کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد اب تک خاتون سیلف ہیلپ گروپوں کو بینکوں سے مربوط 26 ہزار کروڑ روپئے سے زائد رقم دی جاچکی ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ پدا پلی کے لئے ’وی ہب‘ مختص کیا گیا ہے جو جلد ہی شروع ہوگا۔

FLOOD MANUL:

نرمل کے ضلع کلکٹر ابھیلا شا ابھینو نے آج کہا ہے کہ سیلاب سے متعلق ایک نظام تیار کرلیا گیا ہے تاکہ سیلاب کی صورتحال میں حفاظتی اقدامات کیئے جاسکیں۔ سیلابوں کے دوران این ڈی آر ایف کی سرگرمیوں سے متعلق ایک بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے عوام سے کہا کہ خاص طور پر اس وقت چوکس رہیں جب سری رام ساگر، سوارنا کڑم پراجکٹس میں سیلابی پانی داخل ہورہا ہو۔ سیلاب کے دوران مختلف اقدامات کے تعلق سے عوام کو واقف کرانے کیلئے این ڈی آر ایف کی ٹیمیں گزشتہ 15 دن سے ضلع کے مختلف منڈلوں میں بیداری پروگرام منعقد کررہی ہیں۔

Sound Byte Collector Abilasha

Nano Urea

ملگو کے ضلع کلکٹر دیوا کر نے نانو کھاد اور نانو ڈی اے پی طریقہ کے استعمال سے کسانوں کو ہونے والے فائدوں کی وضاحت کی ہے۔ رام چندراپورم میں محکمہ زراعت کے دفتر میں منعقدہ ایک بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ نانو کھاد سے کسانوں پر مالی بوجھ کم ہوگا اور انہیں فصل اگانے کیلئے بھی کم وقت لگے گا۔

Sound Byte Diwakar TS

Education:

سنٹرل بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) نے اسکولوں سے کہا ہے کہ طلبہ میں صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دینے کے لئے آئیل بورڈس قائم کیئے جائیں۔ تمام اسکولوں کے سربراہوں کو روانہ کردہ ایک خط میں سی بی ایس ای نے کہا ہے کہ صحت مند غذا کو فروغ دینے کے علاوہ مختلف سرگرمیوں کے ذریعہ جسمانی اقدامات کیئے جائیں۔ سی بی ایس ای نے یہ بھی کہا کہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ سیڑھیوں کا استعمال کریں جبکہ مختصر وقت کیلئے ورزش کا وقفہ اور پیدل چلنے کے معمول کو بھی یقینی بنایا جائے۔

Krishi Yojana

مرکزی کابینہ نے زرعی پیداوار میں اضافہ کیلئے آج وزیراعظم دھن دھانیہ کرشی یوجنا اسکیم کو منظوری دی۔اس اسکیم کا مقصد فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے علاوہ پائیدار زرعی سہولتوں، فصل کے بعد قلت کے مسئلہ سے نمٹنے، آبپاشی کی سہولتوں کو بہتر بنانے اور دیگر دستیاب سہولتوں سے استفادہ کرنا ہے۔کابینی اجلاس کے بعد نئی دہلی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت ملک بھر میں 100 اضلاع کی نشاندہی کی جائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس اسکیم سے موجودہ چھتیس اسکیمات کے تحت ایک کروڑ 70 لاکھ کسانوں کو مدد ملے گی۔

Byte - Ashwini Vaishnaw

Highways

روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے مملکتی وزیر ہرش ملہوترا نے آج کہا ہے کہ حکومت، ملک کے پسماندہ علاقوں میں قومی شاہراہوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ضلع کمرم بھیم آصف آباد کے علاقہ تیریانی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں کو ترقی دینے کے لئے تمام تر اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے قبائلی عوام سے کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کئے گئے فلاحی وترقیاتی پروگراموں سے استفادہ کریں۔

Sound Byte Harsh Malhotra

وزیر نے آنگن واڑی مرکز کا دورہ کرتے ہوئے مختلف پروگراموں میں حصہ لیا۔

Gas Connections

ضلع راجنا سرسلہ کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے آج بتایا کہ ضلع میں واقع تمام سرکاری اسکولوں کو جلد ہی گیس کنکشن دیا جائے گا۔انہوں نے ویملواڑہ کے موضع موراپا کھا میں واقع آنگن واڑی مرکز، پری پرائمری، پرائمری اور ضلع پریشد ہائی اسکول کا اچانک معائنہ کیا۔

Weather

محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے ریاست کے بعض اضلاع میں آج کہیں کہیں بوندہ باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے کے قوی امکان کے تحت ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔اس کے علاوہ انہوں نے اضلاع نلگنڈہ،سوریہ پیٹ، ناگرکرنول اور ونپرتی میں بھی کہیں کہیں کل اور پرسوں شدید بارش کا امکان ظاہر کیا گیا۔ریاست بھر میں 30 تا40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔

Industries

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے آج کہا ہے کہ ریاست،تکنالوجی سے متعلق صنعتوں کے قیام کیلئے ایک موضع مقام ہے۔فرانس کے قونصل جنرل مارک لینی اوران کی ٹیم نے آج سکریٹریٹ میں وکرامارکہ سے ملاقات کی۔ ڈپٹی سی ایم نے فرانسیسی وفدکومشورہ دیا کہ ریاست میں دستیاب وسائل کا جائزہ لیا جائے۔

Surrender

ماؤنواز پارٹی تلنگانہ اسٹیٹ کمیٹی ممبر اتھارام لاچنا جنہوں نے آج راما گنڈم پولیس کمشنر کے روبروخودسپردگی اختیار کرلی،نوجوانوں سے اپیل کی کہ سرکاری فلاحی پروگراموں سے استفادہ کریں۔منچریال میں ہمارے نمائندے ایل سرینواس کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے انہوں ماؤنواز پارٹی کے ارکان سے کہا کہ زندگی کے اصل دھارے میں شامل ہوجائیں۔

Sound Byte Atharam Lachanna

Swach Sarvekshan

سواچھ سروکشن گرامین کی مرکزی ٹیم نے ضلع راجنا سرسلہ کے مواضعات سنگارام اورنارائن پور میں ڈرین،سڑکوں، آنگن واڑی،سرکاری اسکولوں اورگرام پنچایت کے دفاتر کا جائزہ لیا۔اس ٹیم نے ان علاقوں میں سوچھ سروکشن پروگرام منعقدکیا تا کہ صفائی اقدامات کا جائزہ لیا جاسکے۔

BRS

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر زور دیا ہے کہ میڈی گڈہ بیرج کے معاملہ میں عوامی مباحثہ میں حصہ لیں۔ حیدرآباد میں واقع پارٹی آفس میں منعقدہ دلت بندھو سدھانا سمیتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے ریونت ریڈی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ وہ بار بار یہ الزامات عائد کر رہے ہیں کہ مذکورہ بیریج منہدم ہو گیا ہے۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ بی آر ایس نے سابق میں بھی اس معاملہ پر مباحث کی پیشکش کی تھی، بی آر ایس لیڈر نے یہ الزام عائد کیا کہ سی ایم اپنے عہدہ کے وقار کو گھٹا رہے ہیں۔

Add Highways

بعد ازاں مرکزی وزیر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت قبائلی علاقوں میں پینے کا پانی، تعلیم، صحت اور سڑکوں کی تعمیر جیسی بنیادی سہولتیں فراہم کر رہی ہے۔

Sound Byte Malhotra

University of Hyderabad

محکمہ سیاحت نے اسکول آف مینجمنٹ اسٹڈیز، یونیورسٹی آف حیدرآباد کے پروفیسر وینکٹ رمنا کو حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ٹوریزم اینڈ ہاسپٹلیٹی مینجمنٹ کا نیا ڈائرکٹر مقرر کیا ہے۔ یہ تقرر ڈیپوٹیشن کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

Bankacharla

مرکز، تلنگانہ اور آندھرا پردیش ریاستوں میں دونوں تلگو ریاستوں کے درمیان دریا کے پانی کے تنازعہ کو حل کرنے کے لئے ایک کمیٹی قائم کرنے سے اتفاق کر لیا ہے۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور ان کے اے پی کی ہم منصب چندرا بابو نائیڈو نے آبپاشی کے وزرا کے ہمراہ آج نئی دہلی میں جل شکتی کے مرکزی وزیر کی جانب سے منعقدہ میٹنگ میں شرکت کی۔ بعد ازاں وزیر آبپاشی نرملا راما نائیڈو نے کہا کہ مذکورہ کمیٹی اس ماہ کی 21 تاریخ کو قائم کی جائے گی جس میں دونوں ریاستوں کے علاوہ مرکز کے سینئر عہدیدار شامل رہیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ دریائے گوداوری کا بورڈ حیدرآباد سے کام کرے گا جبکہ کرشنا بورڈ آندھرا پردیش کے شہر امراوتی میں ہوگا۔